Patient Information

# ACE Inhibitors Tablet / Oral

**(Drugs included in this class are: Captopril, Enalapril, Fosinopril, Lisinopril, Perindopril, Ramipril)**

## Indications:

ACE Inhibitors are a class of drugs used to treat the underlying cause of blood pressure and/or heart related disorders.

## Directions for use:

- Take your medicine at the same time every day
- ACE Inhibitors are usually taken once a day, mostly at bed time
- Try to avoid unnecessary intake of potassium supplements while taking ACE Inhibitors
- Do not discontinue your medicine without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to ACE Inhibitors
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have diabetes mellitus
- Have heart or blood vessel disease
- Have had a heart attack or a stroke
- Have kidney or liver disease
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

## Common side effects:

- Dizziness, headache, fatigue or dry cough

## Consult your physician immediately if any of the following conditions occur:

- Sudden swelling of the face, mouth, tongue, lips, hands and feet
- Trouble in swallowing and breathing

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنماہدایات

# اے سی ای انہیبیٹرز گولیاں/شربت

(ادویات جو اس کلاس میں شامل ہیں: کیپٹو پرل، اینالاپرل، فوسینوپرل، لائسینوپرل، پیرنڈوپرل، ریمیپرل)

## استعمال

اے سی ای انہیبیٹرز ایسی ادویات ہیں جو خون کے دباؤ میں کمی بیشی اور/ یا دل کے امراض کے علاج میں استعمال ہوتی ہیں۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- اے سی ای انہیبیٹرز روزانہ ایک مقررہ وقت پر استعمال کریں۔
- اے سی ای انہیبیٹرز عام طور پر دن میں ایک بار سوتے وقت استعمال کی جاتی ہیں۔
- اے سی ای انہیبیٹرز کے استعمال کے دوران پوٹاشیم سپلیمینٹس کے غیر ضروری استعمال سے گریز کریں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر اے سی ای انہیبیٹرز کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو اے سی ای انہیبیٹرز سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا بغیر نسخے والی کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ کو ذیابیطس میلائٹس ہو۔
- آپ کو دل یا شریانوں کا کوئی مرض ہو۔
- آپ کو فالج یا دل کا دورہ پڑ چکا ہو۔
- آپ کو گردوں یا جگر کا کوئی مرض ہو۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات

- سر چکرانا
- سر درد
- تھکن یا کھانسی

## اگر درج ذیل میں سے کوئی علامت پائی جائے تو فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں:

- چہرے، منہ، زبان، ہونٹوں، ہاتھوں اور پیروں پر اچانک سوجن
- نگلنے اور سانس لینے میں مشکل

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے دوا کھالیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہو گیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
- پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھالیں تو:

- فوراً طبی مدد حاصل کریں۔

## دوا کی حفاظت:

- دوا کو کمرے کے درجہ حرارت پر دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔ یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔


مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,

Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi